12نومبر2019ء

# پریس ریلیز برائے ترسیلاتِ زر

مالی سال20ء کے پہلے چار ماہ (جولائی تا اکتوبر) کے دوران بیرونِ ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 7478.90 ملین ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کے اسی عرصے کے دوران 7617.89 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔

اکتوبر2019ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 2000.80 ملین ڈالر رہی جو ستمبر 2019ء کے مقابلے میں 14.46 فیصد زائد جبکہ اکتوبر 2018ء کے مقابلے میں 2.88 فیصد کم ہے۔ بلحاظ ملک اکتوبر 2019ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 468.18 ملین ڈالر، 398.96 ملین ڈالر، 322.38 ملین ڈالر، 328.69 ملین ڈالر، 191.77 ملین ڈالر، اور 60.94 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ اکتوبر 2018ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 494.53 ملین ڈالر، 419.41 ملین ڈالر، 325.19 ملین ڈالر، 322.29 ملین ڈالر، 200.87 ملین ڈالر اور 57.42 ملین ڈالر تھیں۔ اکتوبر 2019ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 229.88 ملین ڈالر رہیں جبکہ اکتوبر 2018ء میں ان ملکوں سے 240.57 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******